**فوری ریلیز کے لیے:** 29/7/2022 *گورنر* ***KATHY HOCHUL***

## *گورنر* ***HOCHUL*** *نے وارن کاؤنٹی میں اڈیرون ڈیک نارتھ وے پلوں کو تبدیل کرنے کے لیے* ***21.1$*** *ملین کے منصوبے کا اعلان کیا ہے*

***ٹاؤن لیک جارج میں اسٹیٹ روٹ 9 پر پروجیکٹ اہم شمال-جنوبی راستوں کے ساتھ سفر کو بہتر بنائے گا***

***تصاویر [یہاں](#) دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ وارن کاؤنٹی کے ٹاؤن لیک جارج میں امریکی روٹ 9 پر اڈیرون ڈیک نارتھ وے (انٹرسٹیٹ 87) کی شمال کی طرف اور جنوب کی طرف کی لینز پر مشتمل پلوں کو تبدیل کرنے کے لیے 21.1$ ملین کا منصوبہ جاری ہے۔ دو سالہ پروجیکٹ ایگزٹ 22 اور 23 کے درمیان واقع دو ستون کے درمیانی راستوں کو ایک ہی ڈھانچے سے بدل دے گا جو تحفظ کو فروغ دے گا اور ملک کے شمالی حصوں اور ایڈیرون ڈیکس کے افراد اور تجارتی سفر کے بہاؤ کو رواں رکھنے کے لیے اہم راستوں کے ساتھ بہتر سفر اور استحکام عطا کرے گا۔ نیا پل دو موجودہ پلوں کے درمیان تعمیر کیا جائے گا اور متوقع ہے کہ 75 سال تک قائم رہے گا، اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گا کہ آنے والی دہائیوں کے لیے یہ اہم شمالی جنوبی راستہ ہمیشہ کھلا اور قابل رسائی رہے۔

"ہم اپنے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو اور اس بات کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں کہ ہمارا آمد و رفت کا نیٹ ورک محفوظ رہے — ہماری معیشت کو فروغ دینے اور کمیونٹیز کو ترقی کی منازل طے کرنے میں مدد دے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ پروجیکٹ ملک کے شمالی حصے میں ایک انتہائی اہم شارع عام پر سفر کو بہتر بنائے گا اور آنے والی دہائیوں میں نیویارک کے باشندگان، سیاحوں اور تجارت کے سفر کو رواں دواں رکھنے میں مدد کرے گا۔"

**ریاست نیو یارک محکمہ آمد و رفت (New York State Department of Transportation) کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "گورنر Hochul پورے نیویارک کے بنیادی ڈھانچے میں بے مثال سرمایہ کاری کر رہی ہیں جو افراد کو اکٹھا کرنے اور معاشی ترقی کو ہوا دینے میں مدد کرے گی جس سے ہماری کمیونٹیز کو خوشحال ہونے میں مدد ملے گی۔ نارتھ وے ایک اقتصادی ذریعہ ہے جو ملک کے شمالی حصے، دارالحکومتی علاقے اور اس سے آگے کے لیے تجارت کی سمت متعین کرنے میں مدد کرتا ہے، اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں کہ یہ اہم روڈ وے اکیسویں صدی کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے، جس سے افراد اور سامان کو اپنی مطلوبہ جگہ محفوظ اور مؤثر طریقے سے پہنچنے میں آسانی ہو۔"

لیک جارج اور وارنزبرگ کے درمیان نارتھ وے کا سیکشن، نیز امریکی روٹ 9، ملک کے شمالی حصے اور اڈیرون ڈیکس میں آنے جانے اور سفر کرنے کے لیے اہم راہداریاں ہیں۔ یہ نیا پل وارن کاؤنٹی اور آس پاس کی کمیونٹیز کے درمیان مقامی رہائشیوں، سیاحوں اور کاروباروں کے لیے سفر کو آسان بنانے میں مدد کرے گا۔ مزید

برآں، نارتھ وے کینیڈا کے ساتھ ایک اہم بین الاقوامی رابطہ ہے، اور بین ریاستی اور بین علاقائی ٹریفک کو بھی رواں دواں رکھتا ہے۔

نیا پل 323 فٹ لمبا، دو ستونوں کے درمیان، اسٹیل ملٹی گرڈر پل ہو گا جو کنکریٹ کے ڈیک پر مشتمل ہو گا۔ اس کی عمودی اونچائی امریکی روٹ 9 سے کم از کم 49 فٹ 6 انچ ہو گی۔

موجودہ ڈھانچے کے درمیان نئے پل کی تعمیر سے پروجیکٹ کے دوران زیادہ سے زیادہ ہر سمت میں تین میں سے دو سفری لین کو برقرار رکھا جا سکے گا، حالانکہ بعض اوقات، وقتاً فوقتاً گردشی لین میں اضافی طور پر کمی کیے جانا ضروری ہو سکتا ہے۔ موسم بہار 2023 میں، شمال کی طرف جانے والی ٹریفک کو نئے ڈھانچے کی طرف منتقل کر دیا جائے گا اور موجودہ شمال کی طرف جانے والے پل کو منہدم کر دیا جائے گا تاکہ نئے پل کا بقیہ حصہ اسی جگہ میں تعمیر کیا جا سکے۔ اس کے بعد جنوبی سمت جانے والی نارتھ وے ٹریفک کو 2024 کے موسم گرما میں پروجیکٹ کی تکمیل پر نئے پل پر منتقل کر دیا جائے گا۔

جب تک نارتھ وے پر کام جاری ہے، انٹرسٹیٹ پر کام کے زون میں جاتے ہوئے اور پہنچنے پر رفتار کی کم از کم حد 55 میل فی گھنٹہ تک کر دی گئی ہے، اور گاڑی چلانے والوں سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ آگے آئیں، جلدی سے راستہ بنائیں، رفتار کم کریں اور ذمہ داری سے گاڑی چلائیں۔ کام کے علاقے میں تیز رفتاری کے لیے جرمانے کو دگنا کر دیا جاتا ہے۔ کام کے علاقے میں تیز رفتاری کی دو یا دو سے زیادہ خلاف ورزیوں کی سزا کے نتیجے میں کسی فرد کا ڈرائیور لائسنس معطل ہو سکتا ہے۔

پلوں کے نیچے امریکی روٹ 9 کی ٹریفک کو بھی ٹریفک سگنلز کے ذریعے کنٹرول کردہ واحد متبادل لین تک محدود کر دیا گیا ہے۔

**ریاستی سینیٹر Dan Stec نے کہا،** "روٹ 9 پر اڈیرون ڈیک نارتھ وے پلوں کو تبدیل کرنے کا منصوبہ ایک اہم پروجیکٹ ہے۔ لیک جارج کا علاقہ ہمارے علاقے کے لیے سیاحوں کی توجہ کا ایک بڑا مرکز اور معاشی ذریعہ ہے اور اس لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ یہاں کا سفر محفوظ اور قابل رسائی ہو۔ اس کے بنیادی ڈھانچے میں معاونت کرنے اور پلوں کو تبدیل کرنے سے مقامی افراد اور سیاحوں کے لیے ہماری کمیونٹیز میں آنا آسان ہو جائے گا اور ہمارے علاقے کی پیشکش سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔"

**رکن اسمبلی Matthew Simpson نے کہا، "**ٹاؤن لیک جارج میں روٹ 9 پر نارتھ وے پلوں کی تبدیلی ایک خوش آئند پروجیکٹ ہے جو آنے والے کئی سالوں تک ہمارے رہائشیوں اور ملک کے شمالی حصوں میں آنے والے بہت سے سیاحوں کی حفاظت کو نہایت حد تک بہتر بنائے گا۔ متاثرہ مقام پر کئی سالوں سے بہت سے حادثات دیکھے جا چکے ہیں اور میں یہ دیکھ کر بہت پرجوش ہوں کہ اب اس راستے کو تبدیل کیا جا رہا ہے۔"

جب بھی سڑک کے کنارے سرخ، سفید، نیلی، آسمانی یا سبز لائٹس دکھانے والی گاڑیوں کا سامنا ہو، جس میں کام کے علاقوں کی انتظامی اور تعمیراتی گاڑیاں بھی شامل ہیں، تو موٹرسائیکل سواروں کو یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ اگر ممکن ہو تو محفوظ طریقے سے ایک لین پر منتقل ہو جائیں، یا رفتار کافی حد تک کم کر دیں۔

سفر کی تازہ ترین معلومات کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511NY.org وزٹ کریں یا مفت NY511 موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

Twitter پر ریاست نیویارک DOT کو فالو کریں: @NYSDOT۔ ہمیں Facebook پر facebook.com/NYSDOT پر تلاش کریں۔ (دارالخلافہ کے علاقے کا احاطہ کرنے والے) ریاست نیویارک DOT علاقہ 1 سے ٹویٹس کے لیے، @NYSDOTAlbany کو فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418